(3)

# بخدمت جناب سیکرٹری صاحب الیکشن کمیشن آف پاکستان اسلام آباد

M Hali
1/4/18

درخواست اعتراضات برخلاف مرتب شدہ حلقہ بندی جنرل
الیکشن 2018 صوبہ پنجاب بابت حلقہ جات PP260
کل آبادی362632 تحصیل خانپور اور حلقہ نمبر PP261
کل آبادی 371634 تحصیل و ضلع رحیم یار خان

جناب عالیٰ!

1۔ یہ کہ سائل پٹوار سرکل چک نمبر 31/P قانونگوئی باغو بہار تحصیل خانپور ضلع رحیم یار خان کا ووٹر و سکونتی زمیندار ہے۔ جبکہ یونین کونسل نمبر 87 باغو بہار تحصیل خانپور کا موجودہ چیئر مین بھی ہے۔ یونین کونسل نمبر 87 باغو بہار کا صدر دفتر بھی چک نمبر 31/P میں واقع ہے۔ پٹوار سرکل چک نمبر 31/P کی کل آبادی 8135 افراد پر مشمل ہے۔ PP260 جو کہ تقریباً آبادکار آبادی پر مشتمل ہے۔ پٹوار سرکل چک نمبر 31/P بھی زیادہ تر آبادکار لوگوں پر مشتمل ہے۔ جن کے رہن سہن و بود و باش و دیگر سیاسی و سماجی Activities بھی PP260 کے لوگوں سے ملتی جلتی / مشترک ہیں۔ پٹوار سرکل چک نمبر 31/P کو بلا جواز دور دراز PP261 تحصیل رحیم یار خان میں شامل کر دیا گیا ہے۔ PP261 کی حدود تحصیل صادق آباد سے جا ملتی ہے۔ جس کا فاصلہ تقریباً 80 کلومیٹر سے بھی زائد بنتا ہے۔ جو کسی طور بھی پٹوار سرکل چک نمبر 31/P کے لوگوں کے لیے موافق نہ ہے۔ PP261 کی آبادی 371634 ہے جس میں سے پٹوار سرکل چک نمبر 31/P کی آبادی 8135 نکال لینے سے PP261 کی آبادی 363499 موجود رہتی ہے۔

(4)

جو کہ ضلع رحیم یار خان کی اوسط آبادی کے عین مطابق ہے۔ جبکہ PP260 کی آبادی 362632 ہے۔جس میں چک نمبر 31/P پٹوار سرکل کی آبادی 8135 جمع کرنے سے PP260 کی کل آبادی 370767 ہو جاتی ہے۔ وہ بھی ضلع رحیم یار خان کی اوسط آبادی کے عین مطابق ہے۔ چک نمبر 31/P کی آبادی PP260 میں شامل کرنے سے دیگر کسی PP ضلع رحیم یار خان کے حلقہ میں ترمیم کی ضرورت محسوس نہ ہوتی ہے۔

2۔ یہ کہ سائل یونین کونسل 87 باغ و بہار سے چیئرمین منتخب ہوا ہے۔سائل کی سیاسی سرگرمیاں موجود ہیں۔ سائل کی سیاسی سرگرمیوں کو محدود کرنے کی خاطر پٹوار سرکل چک نمبر 31/P کو PP261 میں شامل کر کے سائل کے سیاسی کیئریر کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی گئی ہے۔

## اعتراضات و تجاویز :

الف۔ یہ کہ ترتیب حلقہ بندی PP260 تحصیل خانپور اور PP261 تحصیل رحیم یار خان خلاف قانون، خلاف واقعات اور خلاف رولز آف الیکشن Delimitation کی گئی ہے۔ جو شمالاً جنوباً اور کلاک وائز نہ بنائی گئی ہے۔ نہ ہی Compactness کو مدنظر رکھا گیا ہے۔ پٹوار سرکل چک نمبر 31/P جو کہ PP260 کی قدرتی الحاق پر مبنی ہے۔ جس کو دانستہ طور پر PP260 سے الگ کر کے سائل کے سیاسی کیئریر کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی گئی ہے۔ وہاں پر موجود لوگوں کا طرز بود و باش اور رشتہ داریاں و شادی و غمی PP260 کے لوگوں کے ساتھ قدرے مشترک ہیں۔ پٹوار سرکل چک نمبر 31/P کی آبادی کو PP260 میں شامل کرنے سے نہ تو PP260 کی آبادی مقرر کردہ حدود سے تجاوز کرتی ہے۔ اور نہ ہی PP261 کی آبادی پٹوار سرکل چک نمبر 31/P کی آبادی نکل جانے سے مقرر کردہ حدود سے کم ہوتی ہے۔ پٹوار سرکل چک نمبر 31/P کی آبادی PP260 میں شامل ہونے سے دونوں حلقہ جات کی آبادی پر کوئی نمایاں فرق نہ پایا جاتا ہے۔ اور نہ ہی پٹوار سرکل چک نمبر 31/P کی شمولیت سے ضلع کے دیگر PP حلقہ جات پر کوئی اثر پڑتا ہے۔ جبکہ پٹوار سرکل چک نمبر 31/P کے سرکاری دفاتر از قسم پولیس اسٹیشن، واپڈا آفس، ریونیو آفس، انہار آفس، صحت کے مراکز، غلہ منڈی، زرعی ترقیاتی بینک، سکولز، کالجز وغیرہ تحصیل خانپور میں واقع ہیں۔ پٹوار سرکل چک نمبر 31/P کا قدرتی الحاق بھی PP260 کے ساتھ نمایاں ہے۔ PP261 کے ساتھ کسی طور بھی جغرافیائی الحاق نہ بنتا ہے۔

(5)

ب۔ یہ کہ مرتب شدہ حلقہ بندی PP260 و PP261 خلاف قانون، خلاف واقعات وخلاف انصاف پر مبنی ہے۔ جغرافیائی حدود کو متعلقہ آفیسران Delimitation نے رائج الوقت الیکشن ایکٹ 2017 کو مدنظر نہ رکھا ہے۔ اور نہ ہی Compactness اور Homogenly of Population کے تقاضے پورے کئے گئے ہیں۔ نیز آبادی کے تناسب کو بھی برقرار نہ رکھا گیا ہے۔ PP260 کی آبادی 362632 اور PP261 کی آبادی 371634 ہے۔ پٹوار سرکل چک نمبر 31/P کی آبادی 8135 نکال لینے سے PP261 کی آبادی 363499 موجود رہتی ہے۔ چک نمبر 31/P پٹوار سرکل کی آبادی 8135 جمع کرنے سے PP260 کی کل آبادی 370767 ہو جاتی ہے۔ جو کہ موزوں ترین ہے۔

ج۔ یہ کہ اگر تحصیل خانپور کی کچھ آبادی پٹوار سرکل کو PP261 رحیم یار خان میں شامل کیا جانا مقصود تھا تو جغرافیائی حدود اور Compactness کو مدنظر رکھتے ہوئے پٹوار سرکل لانگی جس کی آبادی 7865، پٹوار سرکل دنیا پور آبادی 7898، پٹوار سرکل دنیا پور اضافی آبادی 6292، پٹوار سرکل کوٹ دایہ آبادی 6997، پٹوار سرکل کوٹ گھنیاں آبادی 8743، پٹوار سرکل غلام نبی لاڑ آبادی 12695 میں سے کسی ایک پٹوار سرکل کو PP261 کیساتھ شامل کر کے مقررہ آبادی پوری کی جاسکتی ہے۔ اور Compactness اور Adjacent بھی برقرار رہے گی۔

د۔ یہ کہ سائل کی برادری ورشتہ داران کو PP260 میں شامل رکھا گیا ہے۔ یونین کونسل باغو بہار نمبر 87 کی زیادہ تر آبادی PP260 میں شامل کی گئی ہے۔ لیکن سائل کا چک نمبر 27/P اور یونین کونسل نمبر 87 باغو بہار کا صدر مقام جو کہ چک نمبر 31/P پٹوار سرکل چک نمبر 31/P میں واقع ہے کو PP261 تحصیل رحیم یار خان میں غلط طور پر شامل کر دیا گیا ہے۔ جو کہ جغرافیائی لحاظ سے ملحق نہ ہے۔ ٹیبل درج ذیل ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| کل میزان سابقہ آبادی | PP260 | (362632) |
| پٹوار سرکل چک نمبر 31/P حلقہ PP260 میں شامل کرنے سے کل آبادی PP260 | | (370767) |
| کل میزان سابقہ آبادی | PP261 | (371634) |
| پٹوار سرکل چک نمبر 31/P حلقہ PP261 سے نکالنے کے بعد کل آبادی PP261 | | (363499) |

(6)

2۔ یہ کہ بقیہ معروضات زبانی ودستاویزی بوقت سماعت پیش کئے جاویں گے۔

استدعا ہے کہ مرتب شدہ حلقہ بندی PP261 تحصیل رحیم یار خان میں سے پٹوار سرکل چک نمبر 31/P آبادی 8135 کو PP260 تحصیل خانپور میں شامل کیا جاوے۔ جس سے دونوں حلقہ جات کی آبادی کا تناسب بھی تقریباً برقرار رہے گا۔ جبکہ اس ضلع کے دیگر کسی بھی حلقہ میں ردو بدل کا کوئی امکان موجود نہ ہے۔ سائل کے اعتراضات وتجویز منظور فرما کر اس کے مطابق حلقہ بندی مرتب فرمائے جانے کا حکم صادر فرمایا جاوے۔

مورخہ

## عـــــــــــــــــــــــــــرضـــــــــــــــــــــــــــی

نوید خالق ولد عبدالخالق راشد ذات جٹ وینس سکنہ چک نمبر 27/P تحصیل خانپور ضلع رحیم یار خان

شناختی کارڈ نمبر 31301-3040686-9

موبائل نمبر 0300-6700438

بذریعہ کونسل

خادم حسین تبسم ایڈووکیٹ ہائی کورٹ

آفس خانپور ضلع رحیم یار خان

CC No. 28551

Cell # 0301-6553556